Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | غرہ المبارک، 11 اکتوبر 2024ء، 7 ربیع الثانی 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 187

سکولوں میں گرلز کا عالمی دن منانے پر اتفاق

گرلز سکولوں میں ہراسانی کے سدباب کیلئے خصوصی کمیٹیاں بنانے کا اصولی فیصلہ، وزیر اعلیٰ مریم نواز کا بیداری وفد کی طالبات کی خواہش پر ٹیب اور ای بائیکس دینے کا اعلان

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے ویمن اور چوئل سٹیشن، پینک بٹن، سینٹری ایپ اور سکول میل پروگرام کے بارے میں آگاہ کیا، پنجاب کے طلباء کے لئے سکالرشپ، لیپ ٹاپ، ای بائیکس سمیت دیگر پراجیکٹس لارہے ہیں: مریم نواز شریف

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے بیداری کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر تحریمہ نجائب کے سربراہی میں 36 طالبات پر مشتمل وفد ملاقات کر رہا ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے "بیداری" کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر تحریمہ نجائب کے سربراہی میں 36 طالبات پر مشتمل وفد نے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ملاقات میں پیشل طالبہ کو اپنے قریب بٹھایا اور اظہار شفقت کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر تحریمہ نجائب نے "بیداری" کی خدمات کے بارے میں تفصیل بریفنگ دی اور طالبات نے چارٹ آف ڈیمانڈ پیش (بقیہ نمبر 2 7)

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے ویمن اور چوئل سٹیشن، پینک بٹن، سینٹری ایپ اور سکول میل پروگرام کے بارے میں آگاہ کیا، پنجاب کے طلباء کے لئے سکالرشپ، لیپ ٹاپ، ای بائیکس سمیت دیگر پراجیکٹس لارہے ہیں: مریم نواز شریف

اور میئر پاکستانیوں کی جائیدادیں ہتھیانے والے گروہ کیخلاف اینٹی کرپشن کا کریک ڈاؤن

ڈی جی اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب نے گروہ کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دیدیں

بدعنوان عناصر کو ہر قیمت پر نشان عبرت بنایا جائے گا، ڈی جی اینٹی کرپشن

لاہور (این این آئی) اینٹی کا غذارت تیار کرکے اور میئر پاکستانیوں کی جائیداد ہتھیانے والے گروہ کی گرفتاری کے لئے ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب سہیل ظفر چٹھہ نے احکامات خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ اینٹی کرپشن لاہور ریجن (بقیہ نمبر 2 8)

اسلام آباد میں 3 دن کیلئے ہیوی ٹریفک کا داخلہ بند

لاہور جی ٹی روڈ سے اسلام آباد اور راولپنڈی ہیوی ٹریفک چک بیلی روڈ سے چکری موٹروے استعمال ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 14 تا 16 اکتوبر تک ہیوی ٹریفک کا داخلہ بند رہے گا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق لاہور جی ٹی روڈ سے اسلام آباد اور راولپنڈی ہیوی ٹریفک چک بیلی روڈ سے چکری (بقیہ نمبر 3 1)

ایگرو فاریسٹ پروجیکٹ کیلئے سٹیئرنگ کمیٹی تشکیل

محکمہ جنگلات کی اراضی پر زیتون سورگھا اور دیگر فصلوں کی کاشت کے کسانوں کی رہنمائی کی جائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کے ایگرو فاریسٹ پروجیکٹ کے لئے سٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دے دی گئی، ایگرو فاریسٹ پروجیکٹ کی تکمیل کیلئے 15 رکنی سٹیئرنگ کمیٹی سربراہی میں تشکیل (بقیہ نمبر 3 0)

پنجاب کی تمام جیلوں میں سولر لگانے کا منصوبہ فائنل

تمام جیلوں سے سولر لگانے کا تخمینہ مانگ لیا گیا۔ تخمینے کی وصولی کے بعد محکمہ خزانہ فنڈز جاری کردے گا

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ نے پنجاب کی تمام جیلوں سے سولر لگانے کا تخمینہ مانگ لیا گیا۔ ہوم سیکرٹری محمد نواز الامین میمگل نے سولر لگانے کا منصوبہ فائنل کرلیا، سولر لگنے سے خزانے کو کروڑوں روپے کی بچت ہوگی۔ جیلوں میں فوری طور پر سولر لگوانے کا (بقیہ نمبر 2 9)

وزیر اعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ نے آئی پی پیز معاہدوں کو ختم کرنے کا آغاز

5 معاہدے ختم کرنے کی منظوری

اقدام سے بجلی صارفین کو 60 ارب روپے سالانہ کا فائدہ اور بجلی کے فی یونٹ نرخ میں کمی کا واقع ہوگی۔ مجموعی طور پر ملکی خزانے کو 411 ارب روپے کی بچت ہوگی

ان معاہدوں کو ختم کرنے سے بجلی صارفین کو 60 ارب روپے سالانہ کا فائدہ اور بجلی کے فی یونٹ نرخ میں خاطر خواہ کمی کا واقع ہوگی، وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد (پیسل بریم سے) وزیر اعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ نے آئی پی پیز معاہدوں کو ختم کرنے کا آغاز کر دیا، اس اقدام سے بجلی صارفین کو 60 ارب روپے سالانہ کا فائدہ اور بجلی کے فی یونٹ نرخ میں کمی واقع ہوگی۔ مجموعی طور پر ملکی خزانے کو 411 ارب روپے کی بچت ہوگی۔

منعقد ہوا۔ وفاقی کابینہ نے بجلی شعبے کی اصلاحات کیلئے قائم (بقیہ نمبر 3 4)

وفاقی وزیر اطلاعات حسن نواز نقوی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں، علی امین گنڈاپور اور فیصل کریم کنڈی بھی ہمراہ ہیں

مثبت خیالات متوازن زندگی کی بنیاد ہیں: مریم نواز

دینی مسائل کا سامنا کرنے والے معاشرتی بے حسی کی بجائے توجہ اور محبت کے حقدار ہیں

اپنے اردگرد کے لوگوں کا خیال رکھیں، ان کے احساسات کو سمجھیں اور انہیں یقین دلائیں کہ وہ تنہا نہیں، وزیر اعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ذہنی سکون اور مثبت خیالات خاندان زندگی کی بنیاد ہیں۔ ماحولیم ذہنی صحت پر اپنے پیغام میں مریم نواز کا کہنا تھا کہ ذہنی مسائل کا سامنا کرنے والے معاشرتی بے حسی کی بجائے توجہ اور محبت کے حقدار ہیں، ذہنی صحت ہی سکون دل کی کلید ہے، بدہضمی سے ذہنی صحت کے عوامل کو اکثر نظرانداز کر دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 4 1)

وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مسلسل 5 بار کی کے بعد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) مسلسل 5 بار کی بعد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اگلے چند روز (31 تا 16 اکتوبر) کے لیے اضافے کا امکان ہے، جس کی بنیادی (بقیہ نمبر 33)

صارفین کی بجلی بلز ادائیگی کی مقررہ تاریخ میں توسیع

متعلقہ صارفین بغیر کسی اضافی سرچارج کے اپنے بل کی ادائیگی کرسکیں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ایس سی او کانفرنس کے موقع پر 14 تا 16 اکتوبر 2024 کے تعطیلات کے باعث چیف ایجنٹری ایس ڈی آیمکو نے مراسلہ نمبر 77-8763 مورخہ 10/10/2024 جاری کر دیا ہے جس کے مطابق (بقیہ نمبر 3 2)

اسلام بچیوں کے حقوق کے تحفظ اور انکی فلاح و بہبود کی تلقین کرتا ہے

اسلام خواتین کو مساوی حقوق فراہم کرتا ہے جس کے ذریعے انہیں وراثت میں شامل کیا گیا ہے، اپیکٹر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

انٹرنیشنل ڈے آف دی گرل چائلڈ کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا جو ہر سال 11 اکتوبر کو اقوام متحدہ کے زیر اہتمام منایا جاتا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اپیکٹر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے نبی کریم محمد ﷺ کے ارشادات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے نبی کو اللہ تعالیٰ کی رحمت قرار دیتے ہوئے ان کے حقوق کے تحفظ، ان کی بہترین تعلیم و تربیت کا کام دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام بچیوں کے حقوق کا تحفظ اور فلاح و بہبود پر زور دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام خواتین کو مساوی (بقیہ نمبر 3 5)

پی ایم ڈی سی کو حتمی میرٹ لسٹ جاری کرنے سے روکنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کو حتمی میرٹ لسٹ جاری کرنے سے روک دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جج ارباب محمد طاہر نے طلبا کی درخواستوں پر حکم امتناع جاری کیا۔ عدالت نے درخواست پر پی ایم ڈی سی سمیت دیگر فریقین کو 28 اکتوبر کے لیے نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب (بقیہ نمبر 3 6)

مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری ملاقات کر رہے ہیں

سعودی وزیر سرمایہ کاری

پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں

پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں، سعودی وزیر سرمایہ کاری خالد بن عبدالعزیز

پاک سعودیہ بزنس فورم تاجروں کے لیے اہم ہے، پاکستان ہمارے لیے دوسرا گھر ہے، بزنس فورم سے خطاب، اہم ملاقاتیں

اسلام آباد (این این آئی) سعودی وزیر سرمایہ کاری خالد بن عبدالعزیز الفالح نے اسلام آباد میں منعقد پاک سعودی بزنس فورم سے خطاب کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان معاشی تعاون کا نیا دور شروع ہوگیا۔ پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں۔ خالد بن عبدالعزیز الفالح کی قیادت میں سعودی (بقیہ نمبر 4 5)

پیٹرن پاکستان پولیس کرائے نیم ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان کامیڈ ریفریشنے والے اہلکاروں کے ساتھ گروپ فوٹو

وزیر اعلیٰ کا سعودی عرب کے تجارتی وفد کی پاکستان آمد پر خیر مقدم

سعودی سرمایہ کاروں کے لیے پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع پیش مواقع موجود ہیں: مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سعودی عرب کے تجارتی وفد کی پاکستان آمد پر خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کے تجارتی وفد کو پاکستان آمد پر دلی خوشی ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ سعودی عرب ہر پاکستانی کے دل میں بستا ہے، پاک سعودیہ تعلقات قربت کی بلندیوں (بقیہ نمبر 4 2)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا خیبر پختونخوا ہاؤس کو ڈی سیل کرنے کا حکم

اس طرح نہ کریں کہ گلے آپ کی گردن کا طوق بن کر رہ جائے، چیف جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا ہاؤس اسلام آباد کو ڈی سیل کرنے کا حکم دے دیا۔ گزشتہ روز خیبر پختونخوا ہاؤس سیل کرنے کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی گئی تھی، درخواست گزار نے اپنے بیان میں کہا کہ ذاتی سکون اور بہترین پوزیشن میں آگئے ہیں اور ہم معاشی اصلاحات کی بہتری کے لیے مزید کام کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر تجارت (بقیہ نمبر 4 3)

ہم اس وقت معاشی محاذ پر بہترین پوزیشن میں آگئے ہیں، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ ہم اس وقت معاشی محاذ پر بہترین پوزیشن میں آگئے ہیں اور ہم معاشی اصلاحات کی بہتری کے لیے مزید کام کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر تجارت (بقیہ نمبر 4 4)

کمشنر سرگودھا کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

عوامی بہبود کے 14 مختلف امداد پر ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا، تمام سرکاری اسپتالوں میں ادویات وافر مقدار میں دستیاب ہیں

سرگودھا ڈویژن کے لئے ایک لاکھ 50 ہزار کسان کارڈ کی تقسیم کا ٹارگٹ مقرر کیا گیا، کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں عوامی بہبود کے 14 مختلف امداد پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چاروں ڈپٹی کمشنروں کے علاوہ ٹوٹل گورننس، صحت، پی ایچ اے، زراعت اور پراس کنٹرول اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں چاروں ڈپٹی کمشنر نے اپنی صحت اپنا گھر، پارکوں میں مفت (بقیہ نمبر 3 7)

پاکستان کی بی ڈی پی گروتھ کا تخمینہ 2.8 فیصد ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ورلڈ بینک نے پاکستان ڈیولپمنٹ اپ ڈیٹ پاور سیکٹر اسٹری پیٹرن اصلاحات رپورٹ 2024ء جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ کا تخمینہ 2.8 فیصد ہے، رواں مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کا تخمینہ 0.6 فیصد ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال مالی (بقیہ نمبر 3 8)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ میں ورلڈ مینٹل ڈے کی تقریب کے دوران سٹالز کا دورہ کر رہے ہیں

آرمی چیف سید عاصم منیر سے سعودی وزیر سرمایہ کاری کی ملاقات

دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال، پاکستانی عوام سعودی عرب کے لیے گہری عزت اور محبت رکھتے ہیں

آرمی چیف کی مکمل حمایت کی یقین دہانی، دونوں ممالک کو حاصل ہونے والے اُمید افزا نتائج کے بارے میں اُمید ظاہر کی

راولپنڈی (انٹرنیوز) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ سعودی تجارتی وفد کا دورہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان پائیدار اور بردار تعلقات کا مظہر ہے، پاکستانی عوام سعودی عرب کے لیے گہری عزت اور محبت رکھتے ہیں، آرمی چیف نے سعودی وفد کو پاکستان کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کرائی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے سعودی عرب کے وزیر سرمایہ کاری خالد بن عبدالعزیز الفالح نے ملاقات کی جس میں مختلف شعبوں میں باردارانہ دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آرمی چیف نے شاہ سلمان بن عبدالعزیز، ولی عہد (بقیہ نمبر 3 9)

تعمیراتی جگہ پر ڈاؤریشن بورڈز لگائے جائیں، ڈپٹی کمشنر سرگودھا

تعمیراتی کام کے دوران شہریوں کی حفاظت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر کیپٹن باعث لیفٹیننٹ مودز روڈ پر ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ کا موقع پر جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی ٹریفک یوسف (بقیہ نمبر 46)

کمشنر سرگودھا جہانزیب اعوان نے تفریح پارک کا معائنہ کیا

پارک کی تعمیر میں ذاتی دلچسپی لینے پر مقامی افراد کے کردار کو سراہا

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان نے پی ایچ اے کی جانب سے بہاری کالونی میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت بنائے جانے والے تفریح پارک کا معائنہ کیا۔ انہوں نے پارک میں ترقیاتی کام کا جائزہ لیا اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مزید بہتری لانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے گیٹ کا رنگ روغن کروانے کے علاوہ پارک کا بورڈ بھی ٹیسٹ آف دی آرٹ بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے پارک (بقیہ نمبر 4 7)

لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی کے صدر ملک جواد خالد ایڈووکیٹ صدر آئی سی سی ٹائمر منصور قریشی سے ملاقات کر رہے ہیں

سرگودھا، ضلعی رابطہ کمیٹی برائے ایوان صنعت و تجارت کا اجلاس

ضلعی رابطہ کمیٹی کا بنیادی مقصد تاجروں اور حکومت کے مابین روابط کو مستحکم بنانا ہے

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ضلعی رابطہ کمیٹی برائے ایوان صنعت و تجارت کا اجلاس چیئرمین ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد ہیم کی زیر صدارت ان کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی جی عمر فاروق، صدر ایوان صنعت و تجارت خواجہ یاسر (بقیہ نمبر 4 8)

کمشنر سرگودھا کا پانی کی فراہمی کی جاری سکیم کا معائنہ

30 کروڑ 39 لاکھ روپے کی لاگت سے نہر کنارے 21 ٹیوب ویلز نصب

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر جہانزیب اعوان نے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی ٹیم میں پینے کے پانی کی فراہمی کی جاری سکیم کا موقع پر جاکر معائنہ کیا۔ ایس ای پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سید صورت رضا نے بریفنگ میں بتایا 30 کروڑ 39 لاکھ روپے کی لاگت (بقیہ نمبر 4 9)

گیس چوری کے خلاف کریک ڈاؤن

مزید 148 کنکشن منقطع

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 148 کنکشن منقطع، 43 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد

لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 29 کنکشن منقطع کیے گئے اور 15 لاکھ 80 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) نے گیس چوری کے خلاف کاریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 148 غیر قانونی کنکشن منقطع کر دیے، جبکہ مجموعی طور پر 43 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گئے۔ لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 29 کنکشن منقطع کیے گئے اور 15 لاکھ 80 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ گوجرانوالہ میں ایک غیر قانونی کنکشن کاٹ دیا گیا اور 50 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ فیصل آباد میں 7 غیر قانونی کنکشن منقطع ہوئے اور 40 ہزار روپے کا جرمانہ کیا گیا۔ شیخوپورہ میں 4 غیر قانونی کنکشن کاٹے گئے اور 13 لاکھ 30 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ ملتان میں 32 غیر (بقیہ نمبر 4 0)

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی آواز کے ساتھ للکار
ABC
ادارہ تحفظ حق خود ارادیت جموں و کشمیر

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سری لنکا سے 56 قیدیوں کی واپسی

سری لنکا میں کئی سال سے قید 56 پاکستانی مرد و خواتین واپس پہنچ گئے۔ گذشتہ روز پانچ خواتین اور 51 مرد قیدیوں کو چارٹرڈ طیارے پر وطن لایا گیا۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی وزیر بجٹ عبدالعلیم خان کی کوششیں رنگ لائیں۔ وطن واپس آنے والی بزرگ خاتون نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیٹا آپ کا شکریہ کہ ہم پاکستان واپس آ گئے ہیں۔ واپس آنے والے شخص نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جن حالات میں قید تھے، وہ بدترین حالات تھے۔ شکریہ کہ ہم واپس وطن آئے۔ وزیر داخلہ نے لاہور میں وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات میں سری لنکا سے 56 پاکستانی قیدیوں کی واپسی سے متعلق بریفنگ دی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے قیدیوں کی واپسی میں سہولت فراہم کرنے پر کابینہ کے دونوں ارکان کی کاوشوں کو سراہا۔

پاکستان کے ایڈوکیسی گروپ 'جسٹس پروجیکٹ پاکستان (جے پی پی)' جو اندرون اور بیرون ملک کمزور پاکستانی قیدیوں کی نمائندگی کرتا ہے' کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اس وقت چودہ ہزار سے زائد پاکستانی شہری مختلف الزامات کے تحت دنیا بھر کی مختلف جیلوں میں قید ہیں۔ دسمبر 2023 تک کم از کم 5,292 پاکستانی شہری متحدہ عرب امارات میں قید تھے۔ ان میں سے 235 افراد منشیات جبکہ 48 چوری/ڈکیتی کے الزام میں قید ہیں۔ 46 غیر اخلاقی سرگرمیوں کے الزام میں قید ہیں اور 21 اور 13 بالترتیب قتل اور زیادتی کے الزام میں قید ہیں۔ اگرچہ پاکستان کا متحدہ عرب امارات کے ساتھ قیدیوں کی منتقلی کا معاہدہ موجود ہے، تاہم زیادہ تر پاکستانی شہریوں کو اپنے قانونی حقوق تک مکمل رسائی نہیں دی جاتی۔ سعودی عرب کی جیلوں میں کم از کم 3100 پاکستانی قید ہیں۔ اس تناظر میں حکومت کو سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور دوسرے ممالک کے ساتھ اپنے دوستانہ اور سفارتی مراسم کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسے پاکستانیوں کی رہائی کا بندوبست کرنا چاہیے جو ملکی حالات سے مایوس ہو کر خلاف معاش کیلئے دوسرے ملکوں میں غیر قانونی طور پر گئے اور اب جیلیں کاٹ رہے ہیں۔ 56 پاکستانیوں کی وطن واپسی کیلئے سرکی نکن حکومت کی معاونت قابل ستائش ہے۔ اگر ملک میں بہتر روزگار کے مواقع میسر ہوں' مہنگائی اور بھاری پیٹلی بلوں سے عام آدمی آزاد ہو تو کسی شہری کو روزگار کی تلاش کیلئے بیرون ملک جانے کیلئے غیر قانونی طریقے اختیار کرنے کی ضرورت ہی نہ پیش آئے جس سے بیرون ملک پاکستان کا تشخص بھی خراب ہو رہا ہے۔

پنجابی شادیاں۔۔۔!

طیبہ نیاز بیگ (نیویارک)

شادی بیاہ کی رسومات میں پاکستان مغربی ہوتا جا رہا ہے جبکہ مغرب میں مقیم پاکستانی مزید دیسی ہوتے جا رہے ہیں۔ پردیس میں مقیم دیسیوں نے رسومات کے سمالہ میں واسکی کا سٹرو مرج کر دیا ہے۔ انگریز کے بڑے شہروں میں جہاں دیسی کمیونٹی کی اکثریت آباد ہے شادی بیاہ اور اس سے متعلقہ تقریبات میں ماضی کی روایات کو پھر سے زندہ کر دیا گیا ہے۔ کیمبلز کمیونٹی اپنی زبان اور رسومات کو زندہ کئے ہوئے ہے۔ برمنگھم یا کے ویسٹ میں شادی بیاہ کے رسم و رواج اس خطہ کا حسن رہا ہے مگر جن میں جہاں دیسی کمیونٹی کی اکثریت آباد ہے وہاں روایات دم توڑ ہوتے چلے گئے۔ نیویارک کی شادیاں دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ سکھوں کے علاوہ پاکستانی پنجابی بھی گھوڑے اور ڈھول کا اہتمام کرنے لگے ہیں اور تقریبات کے آغاز و اختتام میں تاخیر (کے اعتبار سے بھی اپنی روایت برقرار ہیں۔ امریکی ہال میں رات بارہ بجے بتیاں بجھا دی جاتی ہیں مگر دیسی ہال میں وقت کی قید نہیں۔ دیسی سے مراد پاکستانی انڈین کمیونٹی ہے۔ دیسی کمیونٹی میں دولہا کی تقریبات دیکھنے کو ملتی ہیں، ایک وہ طبقہ جو لباس اور کھانے پینے میں مشرقی تہذیب و تمدن کو نہ صرف بس پشت ڈال چکا ہے بلکہ پرانی ان رسومات کو دقیانوسی، پینڈو اور جہالت سے تعبیر کیا جاتا ہے جبکہ دوسرا طبقہ وہ ہے جو اپنے آبا و اجداد کی رسومات کو پھر سے زندہ کرنا چاہتا ہے۔ محلے میں ایک سردار جی کے منڈے یعنی لاڑے کی برات محلے سے نکلی۔ دولہا سر پر سہرا سجائے گھوڑی پر سوار تھا۔ اہل محلہ بھی سجائی گھوڑی کے گرد جمع تھے۔ ڈھول کی تھاپ پر دولہے کے رشتے داروں نے رقص کیا۔ بہنوں نے گھوڑی کی باگ تھام لی۔ دولہے نے بہنوں کو ڈھول کی تھاپ کے ساتھ رقص اور واڑروں کی دھیں کھوجاں ہوریں تھیں۔ ہال کی بالائی منزل کی بالکونی المعروف بیلکونی سے نظارہ کرتی خواتین اور لڑکیوں کو دیکھ کر بچپن یاد آ گیا جب بارات کے آگے آگے بینڈ باجوں کی دھیمی لے پر لڑکیاں چھت پر چڑھ جایا کرتی تھیں۔ ہمارے اس امریکی پنجابی دولہے کا سہرا پھولوں والا تھا مگر نہ ماضی کے دولہے کو تیکے کی تاروں والا سہرا اور گلے میں پاکستانی کرنسی کا ہار پہنا دیا جاتا تھا۔ دولہے نے جب سہرے کی رسم کی ویڈیو بنوائی تو سہرا اتار کر ماں کو تھما دیا اور تازہ ہوا میں لمبے لمبے سانس لیئے لگا۔ نیویارک کے مشہور ڈھول والے نے دولہے اور دلہن کے گرد ہی، جشن مناتے ہوئے ڈھول بجایا۔ جشن مناتے ہوئے پلے ہلے گئے تھے۔ باراتیوں نے گیموں میں کمزوری ایسی اپنی گاڑیاں نکالیں اور تنج اپنی منزل کی جانب روانہ ہو گئی۔ باراتیوں نے نگلی کی تکریت تنج کا شوق پورا کرایا ورنج شاہراہ تک پہنچ جاتی تو اسرکی پوشس سارا شوق نکال دیتی۔ ڈھول والا بھی گاڑی میں بیٹھ گیا اور شادی ہال کے باہر دل کھول کر ڈھول بجایا۔ پاکستان کے پنجاب سے تعلق رکھنے والے بھی اپنے بچوں کی شادیوں میں بھنگڑا گروپ بلاتے ہیں۔ امریکہ میں بھارتی شیفٹ شن ڈھنگ بھنگڑا گروپ مارکے میں ہیں جبکہ ڈھول بجانے کی تمیں بھی موجود ہیں۔ دوستوں کے بچوں کی شادیوں کے موقع پر اس قسم کے دلیپ لائیو شوز دیکھنے کو ملتے رہتے ہیں۔ حال ہی میں ہال والوں کی ایک شادی میں شرکت کا موقع ملا۔ لاہور میں کی بارات کا ڈھول دیکھنے کے ساتھ تقریب ہال تک پہنچی۔ دولہے کو پھولوں کا سہرا پہنایا گیا تھا۔ ڈھول کی تھاپ کے ساتھ رقص اور واڑروں کی دھیں ہوریں بھی تھیں۔ ہال کی بالائی منزل کی بالکونی المعروف بیلکونی سے نظارہ کرتی خواتین کے آگے آگے بینڈ باجوں کو دیکھنے کے لئے

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 11 اور 12 اکتوبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

ایم ای ایکسکلس، ایکسین سب ڈویژن حسن سید، ڈوماڈی، کاتھ آباد سکم آباد بلکھر ڈیوٹی افسران سید سلمان شاہ، محمد ارسلان، محمد ذیشان، محمد عمران، محمد عثمان، محمد عمر، محمد عمیر، محمد عمیر، محمد عمی

ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان کی ماہ ستمبر کی کارکردگی رپورٹ جاری

37744 او پی ڈی ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں 6269 مریض چیک ہوئے نارمل ڈلیوریز 18، سیکشن 87 ہوئے 802 مریضوں کا داخلہ ہوا

صدر دسوائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مریضوں کو پنجاب گورنمنٹ کی دی جانے والی تمام سہولیات فراہم کی جاتی ہیں MS

گوجر خان (تحصیل رپورٹر) ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان کے تمام شعبہ جات کی ماہ ستمبر کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ کے اعداد و شمار جاری کر دیئے گئے جن کے مطابق او پی ڈی میں 37 ہزار 7 سو 44 نئے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں 6 ہزار 269 مریض چیک ہوئے ہسپتال کے اندر تقریباً 802 مریضوں کا ایڈمیشن ہوا جنکے مطابق تقریباً بیڈ ایڈمیشن کا ریٹ 61 فیصد رہا، لیبر روم میں نارمل ڈلیوریز 18 سیکشن 87 ہوئے 802 مریضوں کا داخلہ ہوا 181 نئے سیکشن 87 ہوئے، لیب ٹیسٹ 11 ہزار 498 اور ایکسرے 1163، الٹرا ساؤنڈ 988، ای سی جی 201 ہوئے (بقیہ نمبر 1)

شہری کی خلاف قانون گرفتاری، مقدمے کا اندراج، 4 پولیس افسران معطل

شہریوں کی عزت نفس، قانون کی بالادستی پر کسی بھی قسم کا سمجھوتا نہیں کیا جائے گا، ڈی پی او

اکاؤنٹ لیتے ہوئے شہری کو خلاف قانون گرفتار اور مقدمہ درج کرنے پر 4 پولیس افسران کو معطل کر دیا۔ ڈی پی او اکاؤنٹ محمد راشد ہدایت نے سکیورٹی برانچ کی رپورٹ پر ایکشن لیتے ہوئے شہری کو خلاف قانون حراست میں لینے اور مقدمہ درج کرنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر سب انسپکٹر محمد اسلم، کانسٹیبل سلیم اور کانسٹیبل اعمر علی کو معطل (بقیہ نمبر 3)

گورنمنٹ کوئین میری گرلز کالج میں لاہور چوتھہ فیشیبل کے لوگوں کی تقریب رونمائی کے موقع پر طالبات کا فوٹ کے ہمراہ گروپ فوٹو

ستمبر 2024ء، عالمی سطح پر توانائی قیمتوں میں کمی

زرعی مصنوعات، دھاتوں کی قیمت میں اضافہ ہو گیا

اسلام آباد (انٹرنیوز) عالمی منڈیوں میں گزشتہ ماہ توانائی قیمتوں میں کمی کے برعکس زرعی مصنوعات، دھاتوں کی قیمت میں اضافہ ہو گیا۔ عالمی بینک کی جانب سے قیمتوں بارے جاری ماہانہ رپورٹ 'پنک شیٹ' کے مطابق ستمبر 2024ء میں توانائی کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 7.4 فیصد کی ہوئی، بریرین قدرتی گیس کی قیمت میں ستمبر کے (بقیہ نمبر 5)

انتظار مجھوتھہ بابا پی کیس، فوکل پرسن بانی پی ٹی آئی کو پیش نا کیا جا سکا

اگر آئی جی صاحب کے پاس کوئی ایسی چھڑی ہوتی تو وہ انتظار مجھوتھہ کو لے آتے

اسلام آباد (انٹرنیوز) بانی پاکستان تحریک انصاف کے فوکل پرسن انتظار مجھوتھہ کو عدالت میں پیش نا کیا جا سکا، جسٹس عامر فاروق نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ آئی جی اسلام آباد ایک سادہ افسر ہیں، اگر آئی جی صاحب کے پاس کوئی ایسی چھڑی ہوتی تو وہ انتظار مجھوتھہ کو لے آتے۔ بمبرات کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں بانی (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی کا تھانہ ٹاؤن میں انجمن تاجران کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے

سی پی او راولپنڈی کی انجمن تاجران کے وفد سے ملاقات

سیکورٹی انتظامات پر تفصیلی بات چیت، انجمن تاجران کی جانب سے سیکورٹی انتظامات کے سلسلہ میں مکمل تعاون کی یقین دہانی

پاکستان میں آنے والے غیر ملکی مہمانوں کو خوش آمدید کہنے ہیں، سیکورٹی انتظامات کے لیے شہر بھر میں ہر پالیسی کا کردار بنکر کرنے کے لیے تیار ہیں، صدر انجمن تاجران

راولپنڈی (ضابطہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی نے تھانہ ٹاؤن میں انجمن تاجران کے وفد سے ملاقات کی، اس موقعہ پر ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اعمر، ایس پی راول اور دیگر سینئر افسران بھی ہمراہ تھے۔ صدر انجمن تاجران شاہد طہور پراچہ، جنرل سیکرٹری راجہ توحید اور دیگر عہدیداران طاقات میں موجود تھے، سی پی او نے انجمن (بقیہ نمبر 8)

تمام علاقوں میں سیوریج کے مسائل کو حل کیا جائے

کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان کا یونین کونسل نمبر 4 کا دورہ

سرگودھا (ضابطہ خصوصی) کمشنر و ایڈمنسٹریٹر سیوریج کارپوریشن جہانزیب اعوان نے یونین کونسل نمبر 4 کی مختلف آبادیوں نواب کالونی، شیر کالونی، راجہ فاروق آباد و کوریا اور ان علاقوں کی سیوریج لائنوں کی کھل صفائی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سی ایم ایچ کے ڈپٹی کمشنر و ایڈمنسٹریٹر سیوریج کارپوریشن جہانزیب اعوان نے بتایا کہ ان علاقوں میں سیوریج کا پانی گلی نالیوں میں کھڑا ہوا تھا جس پر خصوصی ڈی سلٹنگ پلان تشکیل دے کر 18 رکنی سکواڈ تیار کیا گیا اور سیوریج لائنوں کی کھل صفائی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سی ایم ایچ کے ڈپٹی کمشنر و ایڈمنسٹریٹر سیوریج کارپوریشن جہانزیب اعوان نے بتایا کہ ان علاقوں میں سیوریج کا پانی گلی نالیوں میں کھڑا ہوا تھا جس پر خصوصی ڈی سلٹنگ پلان تشکیل دے کر 18 رکنی سکواڈ تیار کیا گیا اور سیوریج لائنوں کی کھل صفائی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سی ایم ایچ کے ڈپٹی کمشنر و ایڈمنسٹریٹر سیوریج کارپوریشن جہانزیب اعوان نے یونین کونسل نمبر 4 کی مختلف آبادیوں نواب کالونی، شیر کالونی، راجہ فاروق آباد و کوریا اور ان علاقوں کی سیوریج لائنوں کی کھل صفائی کا جائزہ لیا۔ اس (بقیہ نمبر 9)

فائرنگ کے واقعہ پر ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا نوٹس

ایس ایچ او چنترہ کو فوری طور پر موقع پر پہنچنے اور قانون کے مطابق کارروائی کا حکم

راولپنڈی (ضابطہ عوامی للکار) تھانہ چنترہ کے علاقہ میں فائرنگ کے واقعہ پر ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا نوٹس، ایس ایچ او چنترہ کو فوری طور پر موقع پر پہنچنے اور قانون کے مطابق کارروائی کا حکم، ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ سہالی کے قریب پیش آیا، واقعہ میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چنترہ کے علاقہ میں فائرنگ کے واقعہ پر ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے نوٹس لے لیا، ایس ایچ او چنترہ کو فوری طور پر (بقیہ نمبر 1)

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ گرفتار

مسروقہ رقم 19 ہزار، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (ضابطہ عوامی للکار) سٹی ایمرل پولیس کی کارروائی سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ گرفتار، مسروقہ رقم 19 ہزار، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل ایمرل پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ کو گرفتار کیا، گرفتار ملزمان میں (بقیہ نمبر 2)

فوری ضرورت

ABC
عوام کی سچی صحافت کیلئے
Daily Awami Lalkaar
روزنامہ عوامی للکار
راولپنڈی
اسلام آباد میں آپ کا اپنا اخبار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مقامی ہوٹل میں ماتھے سے سینے تا گلوبند کی 40 دیسی عالمی فنائش میں سٹال پر جیولرز کے قیمتی گہنوں کی جانب سے ہاتھوں سے بنائے گئے تاثین دیکھ رہے ہیں

TMA آفس میں CEO بلدیہ اظہر مجید کی زیر قیادت اجلاس

ناکارہ سیوریج پارکنگ سمیت پانی کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی

گوجر خان (قمر شہزاد) سی او بلدیہ اظہر مجید کی قیادت میں پانی ایم آے آفس میں شہر کے مسائل کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں مرکزی انجمن تاجران کے عہدداران و تاجروں، پھٹوہار پریس کلب گوجر خان کے عہدداران و صحافیوں اور انسپکٹر مذوحہ و پولیس ٹریفک وارڈن سمیت میونسپل آفیسر ریونیو بلدیہ گوجر خان نے شرکت کی (بقیہ نمبر 4)

جڑواں شہروں میں شادی ہال، کیفے، ریسٹورنٹس بند کرنے کا حکم

خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی

اسلام آباد (انٹرنیوز) ایس سی او کانفرنس کے موقع پر سکیورٹی کے پیش نظر اسلام آباد، راولپنڈی میں 5 دن شادی ہال، کیفے، ریسٹورنٹس اور سنوکر کلب بند کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ جاری بیان کے مطابق پاکستان میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم کانفرنس کے موقع پر سکیورٹی کے تحت اقدامات اٹھاتے ہوئے پولیس حکام نے 12 تا 16 اکتوبر تک جڑواں شہروں میں شادی ہال، کیفے، ریسٹورنٹس اور سنوکر کلب بند (بقیہ نمبر 5)

پنڈ دادن خان (فرخ عباس) لنڈ جہلم ڈیول کیرج منصوبے کی تکمیل میں تاخیر تشکیل پنڈ دادن خان شاہی کے دہانے پر پہنچ گئی

لنڈ جہلم ڈیول کیرج منصوبے کی تکمیل میں تاخیر

تشکیل پنڈ دادن خان شاہی کے دہانے پر پہنچ گئی معاشی بحران شدت اختیار کر گیا

کمین نقل مکانی پر مجبور سیاحوں کی سالٹ مائن کی سیاحت 20 فیصد رہ گئی

پنڈ دادن خان (سرفراز عباس سے) لنڈ جہلم ڈیول کیرج منصوبے کی تکمیل میں تاخیر تشکیل پنڈ دادن خان شاہی کے دہانے پر پہنچ گئی معاشی بحران شدت اختیار کر گیا، کمین نقل مکانی پر مجبور سیاحوں کی سالٹ مائن کی سیاحت 20 رہ گئی پنڈ دادن خان کی عوام سے جاری سیاسی انتظام 2020ء سے شروع ہونے والا علاقے کی عوام کے لیے موت کا منظر بن گیا (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے خیبر پختونخواہ ہاؤس ڈی سیل کر دیا

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد ہائی کورٹ نے خیبر پختونخواہ ہاؤس کو ڈی سیل کر دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے خیبر پختونخواہ ہاؤس سیل کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت سینئر ڈیپوٹیٹ اٹارنی (سی ڈی اے) نے موقف اختیار کیا کہ غیر قانونی کنسٹرکشن ہوئی اور کچھ واجبات بھی باقی ہیں (بقیہ نمبر 7)

اسکولز فاؤنڈیشن اسسٹنٹ وزڈم سیکنڈری اسکول

برائٹ سنڈہ سیکنڈری اسکول اور ایلپری پبلک اسکول کے اساتذہ کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) ڈگری تعلقہ کے شہری سے ایم پی ایس گورنمنٹ آف سندھ کے اور اے سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے اسکولز فاؤنڈیشن اسسٹنٹ وزڈم سیکنڈری اسکول برائٹ سنڈہ سیکنڈری اسکول اور ایلپری پبلک اسکول کے اساتذہ کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں اساتذہ کے علاوہ سابق اساتذہ اور شعبہ تعلیم سے منسلک دیگر نامور شخصیات نے بھی شرکت کی۔ تینوں اسکولز کے بہترین کارکردگی (بقیہ نمبر 7)

سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی کا تھانہ ٹاؤن میں انجمن تاجران کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

2005 کے تباہ کن زلزلے کو 19 سال مکمل

اہلیان پنڈ دادخان اور چوہدری اشرف جوتانہ مرحوم کو خراج عقیدت بھیجنے کا عزم کیا

پنڈ دادخان (سرفراز عباس سے) 2005ء کے تباہ کن زلزلے کو 19 سال مکمل اہلیان پنڈ دادخان اور چوہدری اشرف جوتانہ مرحوم کو خراج عقیدت بھیجنے کا عزم کیا۔ پاکستان میڈیکل ایڈ ڈیٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کو حتمی میرٹ لسٹ جاری کرنے سے روکتے ہوئے فریقین سے جواب طلب کر لیا۔ بمبرات کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج ارباب محمد طاہر نے طلبا کی درخواستوں پر سماعت کی۔ طلبا کی جانب سے دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ ٹیسٹ میں پوچھے گے 200 سوالات میں سے 30 سوالات (بقیہ نمبر 10)

سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر کی درخواست پر اعتراضات دور

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر کی مکمل آئینی ترمیم کا ڈرافٹ پبلک کرنے، عوامی رائے لینے کا حکم دینے کی درخواست پر اعتراضات دور کر دیئے۔ بمبرات کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر کی درخواست پر سماعت کی۔ مصطفیٰ نواز کھوکھر کی درخواست پر سماعت کی۔ مصطفیٰ نواز کھوکھر اپنے وکیل میاں سمیع الدین احمد کے ہمراہ عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ دوران سماعت اسلام آباد (بقیہ نمبر 3)

پی ایم ڈی سی کو حتمی میرٹ لسٹ جاری کرنے سے روک دیا گیا

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان میڈیکل ایڈ ڈیٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کو حتمی میرٹ لسٹ جاری کرنے سے روکتے ہوئے فریقین سے جواب طلب کر لیا۔ بمبرات کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج ارباب محمد طاہر نے طلبا کی درخواستوں پر سماعت کی۔ طلبا کی جانب سے دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ ٹیسٹ میں پوچھے گے 200 سوالات میں سے 30 سوالات (بقیہ نمبر 10)

کندھ کوٹ میں شہری ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام ریلی نکالی جا رہی ہے

کندھ کوٹ میں امن و امان کی بحالی کے لیے شہری ایکشن کمیٹی

امن و امان کی بحالی کے لیے شہری ایکشن کمیٹی، مومینٹ کے جانب سے مکمل شٹڈاؤن

کندھ کوٹ، رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ میں امن و امان کی بحالی کے لیے شہری ایکشن کمیٹی اور آل پارٹیز مومینٹ کے جانب سے آج دوسرے روز بھی شٹر ڈاؤن ٹھر مکمل طور بند رہا دوسرے جانب شیعت علما اسلام ضلع کشمور کے جانب سے مکمل بھرپور آج شٹر ڈاؤن ہڑتال کال پر اسے شیعت علما اسلام کے جانب سے پیشل بک سے تاور چوک تک احتجاجی ریلی بھی نکالے گے ہزاروں کے تعداد میں لوگوں نے شرکت کی ہر طرف امن و امان دوسرے شہری سب کے دوسری جانب شہری ایکشن کمیٹی اور آل پارٹیز مومینٹ کے جانب (بقیہ نمبر 9)

کرپشن نے وطن عزیز کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا

کرپشن میں ملوث افراد کو نوکری سے برطرف کیا جائے، راؤ طاہر مشرف

سرگودھا (ضابطہ عوامی للکار) کرپشن نے ہمارے ملک کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے ملک پر کئی بلین ڈالر کے قرضے کے سائے ہماری نوجوان نسل دب گئی ہے اب وقت ہے کہ ہم ملک ایسے ناسوروں کو نکال باہر پھینکیں اور گلھوں سے گند کو پاک کریں ان خیالات کا اظہار سابق امیدوار حلقہ این 82 راؤ طاہر مشرف نے کیا انہوں نے کہا کہ کرپشن نے دشمنگر کی سہولت کاروں کو بھی فرض ہو دیا کرپشن سے ہمارے ملک کی جڑیں کھوکھلی ہو رہی (بقیہ نمبر 20)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سرگودھا کے خصوصی افراد میں ہمت کارڈ تقسیم

ہمت کارڈ تقسیم کرنے کی تقریب میں چوہدری حامد حمید کے ہمراہ سرگودھا سے مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما بھی موجود تھے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خدمت گار اقدامات کی بدولت پنجاب کے خصوصی افراد کیلئے ہمت کارڈ کا اجرا انتہائی احسن اقدام ہے

سرگودھا (ضابطہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ کی خصوصی ہدایت پر سابق وفاقی وزیر مملکت و نائب صدر مسلم لیگ ن پنجاب چوہدری حامد حمید صاحب نے سرگودھا افراد میں ہمت کارڈ تقسیم کیے، خصوصی افراد میں ہمت کارڈ (بقیہ نمبر 1)

سابق وفاقی وزیر مملکت و نائب صدر مسلم لیگ ن پنجاب چوہدری حامد حمید صاحب نے سرگودھا کے خصوصی افراد میں ہمت کارڈ تقسیم کر رہے ہیں

راولپنڈی میں ڈینگی بخار بے قابو، ایمرجنسی نافذ

گزشتہ 24 گھنٹوں میں 134 کیسز رپورٹ، ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، ڈینگی کے ڈین ٹو وارسز تشکیل ہوئی ہے

جو زیادہ خطرناک ہے، کاؤنٹر ٹرام، ڈینگی مچھر کے خاتمے کیلئے موبائل ٹیموں کو متحرک کر دیا گیا، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی

راولپنڈی (اے ایف پی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ضلع بھر میں ڈینگی ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے کہا ہے ڈینگی کے ڈین ٹو وارسز تشکیل ہوئی ہے، جو زیادہ خطرناک ہے۔ تفصیل کے مطابق راولپنڈی میں ڈینگی بخار سے تباہ ہو گیا، جس کے بعد ڈینگی ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ اس وقت ڈینگی کا کاؤنٹر ٹرام کر دیئے گئے ہیں جبکہ ڈینگی مچھر کے خاتمے کیلئے موبائل ٹیموں کو متحرک کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کہنا ہے کہ راولپنڈی میں ڈینگی کے ڈین ٹو وارسز کی تشکیل ہوئی ہے، ڈین ٹو ڈینگی وائرس زیادہ خطرناک ہے۔ (بقیہ نمبر 2)

پولیس نے لیپ کا لاز مین کے احتجاج کے باعث سول سیکرٹریٹ کے باہر راستے کو ٹرک کیلئے بند کر رکھا ہے

فیصل آباد، خاندانی دشمنی پر فائرنگ، راگیر سمیت 3 افراد جاں بحق

خاندانی دشمنی پر موٹر سائیکل سوار ملزمان نے کچہری سے واپس آتے مخالفین پر فائرنگ کر دی

فیصل آباد (انٹرنیوز) تاندلیانوالہ میں خاندانی دشمنی پر موٹر سائیکل سوار ملزمان نے کچہری سے واپس آتے مخالفین پر فائرنگ کر دی جس کے (بقیہ نمبر 3)

ٹیکسٹائل انڈسٹری مالکان کے 40 ارب کے سیلز ٹیکس ریفنڈز جاری

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی حکومت نے ٹیکسٹائل انڈسٹری مالکان کے 40 ارب روپے کے سیلز ٹیکس ریفنڈز جاری کر دیئے ہیں جنکے ذریعے صنعتکاروں نے خوش آئند قرار دیا ہے۔ جاری بیان میں صدر ایف بی آر ڈاکٹر ریحان یم نے کہا ہے کہ ریفنڈز جاری کرنے سے ایکسپورٹ میں بہتری، صنعتکاروں کی مالی مشکلات میں کمی آئے گی۔ انہوں نے ایکسٹری ایل ایل اور باقی سیلز ٹیکس ریفنڈز بھی جاری کئے جائیں۔

زیر تعمیر پولیس چوکی پر شرپسندوں کی فائرنگ، 2 اہل کار شہید، 2 زخمی

پشاور (انٹرنیوز) ٹانک میں زیر تعمیر پولیس چوکی پر شرپسندوں کی فائرنگ کے نتیجے میں 2 اہلکار شہید اور 2 زخمی ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق ٹانک میں پنجان کوٹ موڑ پر زیر تعمیر پولیس چوکی پر دہشت گردوں نے حملہ کر دیا جس پر پولیس کی جانب سے جوابی کارروائی کی گئی، فائرنگ تادلے میں 2 اہلکار شہید اور 2 زخمی ہو گئے، موقع پر پہنچ گئے اور زخمی اہلکاروں اور شہداء کی لاشوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال ٹانک منتقل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب (بقیہ نمبر 5)

کیمبرج پبلک سکول کے زیر اہتمام اسرائیلی بربریت کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

ڈائریکٹر عبداللہ حاجر گوندل کی سربراہی میں فلسطینی بھائیوں کے ساتھ قومی اظہار یکجہتی ریلی نکالی گئی

پنڈ دادخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کے مطابق اسرائیل کی جانب سے نہتے فلسطینوں پر جاری ظلم و ستم کے خلاف ایک سال مکمل ہو گیا ہے اس سلسلے میں فلسطین کے مظلوم بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے سکول سے ریلی نکالی گئی جو میں روانہ ہوئے ہوئے ریلی واہگہ سکول میں اختتام پذیر ہوئی ریلی میں اسرائیل کے خلاف اور فلسطینی بھائیوں کے حق میں طلباء اور طالبات نے نعرے لگائے اسرائیلی مردہ باد کے نعروں سے شہر کی فضا گونج اٹھی ریلی (بقیہ نمبر 4)

کیمبرج دارارقم سکول کے زیر اہتمام فلسطینی بھائیوں کی جاری اسرائیلی بربریت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

عوام اور پولیس میں ہم آہنگی کیلئے DSP رانا محمود الحسن کا احسن اقدام

سرکل گوجر خان میں عوام کے مسائل سننے اور انکو دیلیو پرسل کرنے کے لیے کھلی کچہریز کا انعقاد خوش مین عمل ہے عوامی حلقے

موثر سخت عمل کے ذریعے جرائم پر قابو پائیں گے علاقے کو امن کا گہوارہ بنانے کے لیے ہر فرد کے تعاون کی ضرورت ہے DSP

ڈی ایس پی گوجر خان کھلی کچہری میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

گوجر خان (قمر شہزاد) ڈپٹی کمشنر و ڈی ایس پی گوجر خان نے عوام اور پولیس کے درمیان دوستانہ ماحول پیدا کرنے اور اگلے مسائل علاقے میں جا کر سننے کے لیے کھلی کچہریز کا آغاز کیا جس کو عوامی حلقوں میں خوب پذیرائی حاصل ہوئی اس سلسلے میں انھوں نے پولیس چوکی قاضیاں کے علاقے جبر شہر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں ایس ایچ او گوجر خان ملک نذیر احمد کھیہ، چوکی انچارج راجہ محمود و دیگر پولیس افسران اور معززین علاقہ کے کثیر تعداد میں شرکت کی اور شہریوں (بقیہ نمبر 6)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035